Shabbir / Farooqi

27-01-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزادانہ تجارت سے متعلق مجوزہ معاہدے کیلئے مذاکرات ختم ہوگئے ہیں۔ بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان سیکیورٹی اور دفاع کے شعبوں میں شراکت داری کے سمجھوتے پر آج نئی دلی میں دستخط کیے جائیں گے۔

2- وزیراعظم نریندر مودی آج ورچوئل وسیلے سے جنوبی گوا میں انڈیا اِنرجی ویک 2026 کا افتتاح کریں گے۔

3- حکومت نے کل سے شروع ہونے والے بجٹ اجلاس سے قبل آج ایک کُل پارٹی میٹنگ طلب کی ہے۔

4- اتراکھنڈ حکومت نے یکساں سول کوڈ کے متعدد شقوں میں اصلاحات کرنے کیلئے ترمیمی آرڈیننس کو نافذ کردیا ہے۔

5- دلی کے لال قلعے میں چھ روزہ قومی ثقافتی اور سیاحتی فیسٹول بھارت پرو 2026 شروع ہو گیاہے۔

6- اور کرکٹ میں: زمبابوے کے Bulawayo میں 19 سال سے کم عمر کے ورلڈ کپ کے سپر سکس مرحلے میں آج دوپہر بھارت کا مقابلہ زمبابوے سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

EU-India FTA

کامرس سکریٹری راجیش اگروال نے کہا ہے کہ بھارت اور یورپی یونین نے مجوزہ آزاد تجارتی معاہدے کیلئے افسران کی سطح کی بات چیت مکمل کرلی ہے۔ اس سے فریقین کے درمیان دو طرفہ تجارت اور اقتصادی روابط کو تقویت ملے گی۔ جناب اگروال نے کہا کہ دونوں فریق آج نئی دلّی میں افسران کی سطح کی بات چیت کے مکمل ہونے کا اعلان کریں گے۔

V-C Ashish

کامرس سکریٹری نے کہا کہ بھارت کے تناظر میں یہ تجارتی معاہدہ متوازن اور مستقبل پر مبنی ہے، جس سے یوروپی یونین کے ساتھ بھارت کی معیشت کو بہتر طریقے سے مربوط کرنے میں مدد ملے گی۔ جناب اگروال نے کہا کہ اس سے دونوں معیشتوں میں تجارت اور سرمایہ کاری میں تیزی آئے گی۔ آج نئی دلّی میں یوروپی یونین-بھارت سمٹ کے دوران، جس کی میزبانی وزیراعظم نریندر مودی کریں گے، یہ اعلان کیا جائے گا۔ یوروپی کونسل کے صدر Antonio

Costa اور یوروپی کمیشن کی صدر Ursula von der Leyen آج نئی دلّی میں وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ سربراہ کی سطح کی بات چیت کریں گے۔ اس معاہدے سے زیادہ افرادی قوت کے استعمال والے شعبوں کی کئی بھارتی اشیاء، جیسے ٹیکسٹائلز، کیمیکل، جواہرات وزیورات، الیکٹریکل مشینری، چمڑا اور جوتے چپل کو ڈیوٹی فری رسائی ملنے کا امکان ہے۔

یوروپی کمیشن کی نائب صدر Kaja Kallas نے کہا ہے کہ EU-بھارت سکیورٹی اور دفاعی شراکت داری کے معاہدے پر آج دستخط کئے جائیں گے۔ Kallas نے کہا کہ بھارت کے ساتھ قریبی تعاون کیلئے ایک مضبوط تحریک موجود ہے اور یوروپی یونین اس سے بھرپور فائدہ اٹھارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان گہرے ہوتے تعلقات کی علامت کے طور پر، یوروپی یونین کی بحری کارروائیوں Atalanta اور Aspides کے اہلکاروں نے کل پہلی بار نئی دلّی کے کرتویہ پتھ پر یوم جمہوریہ کی پریڈ میں شرکت کی۔ بھارتی سامان پر یوروپی یونین کے محصولات تقریباً تین اعشاریہ آٹھ فیصد ہیں، لیکن زیادہ افرادی قوت والے شعبوں پر تقریباً 10 فیصد درآمدی ڈیوٹی عائد ہوتی ہے۔

اس کے برعکس یوروپی یونین کی اشیاء پر بھارت کی اوسط ڈیوٹی تقریباً 9 اعشاریہ تین فیصد ہے، جس میں خاص طور پر آٹو موبائل کے پرزوں پر 35 اعشاریہ پانچ فیصد، پلاسٹک پر 10 اعشاریہ چار فیصد اور کیمیکلز اور فارماسوٹیکلز پر 9 اعشاریہ نو فیصد کا محصول عائد کیا جاتا ہے۔ FTA کے علاوہ دونوں فریق سرمایہ کاری کے تحفظ اور Geographical Indications (GI) کے حوالے سے بھی ایک معاہدے پر بات چیت کررہے ہیں۔ بھارت-یوروپی یونین کا یہ آزاد تجارتی معاہدہ 24 چیپٹرز پر مشتمل ہے، جس میں اشیاء کی تجارت، خدمات اور سرمایہ کاری شامل ہیں۔ EU کے ساتھ 2024-25 میں اشیاء میں بھارت کی دوطرفہ تجارت 136 ارب 53 کروڑ ڈالر تھی، جوکہ EU کو اشیاء کی تجارت میں بھارت کا سب سے بڑا شراکت دار بناتی ہے۔

2024 میں خدمات کی تجارت 83 اعشاریہ 10 ارب ڈالر تھی، 2024-25 میں بھارت کو 15 اعشاریہ 17 ارب ڈالر کا تجارتی فائدہ ہوا۔ EU کا بازار بھارت کی مجموعی برآمدات کے تقریباً 17 فیصد حصے پر مشتمل ہے اور جبکہ بھارت کو کی جانے والی اس بلاک کی برآمدات اس کی مجموعی برآمدات کا 9 فیصد بنتی ہے۔

نئی دلّی سے آشیش ابراہم کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

<u>Antonio Costa</u>

یوروپی کونسل کے صدر انتونیو کوسٹا نے کہا ہے کہ بھارت اور یوروپی یونین مل کر عالمی سطح پر استحکام، تحفظ اور بھروسہ مندی کے مضبوط فراہم کنندگان کے طور پر کام کر سکتے ہیں، انھوں نے مزید کہا کہ بڑھتے ہوئے جغرافیائی - اقتصادی حالات اور تجارت کی غیر یقینی صورتحال کے اس دور میں دونوں فریقین مل کر ضابطے پر مبنی عالمی نظام کا تحفظ

کر سکتے ہیں۔ ایک ٹی وی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے جناب کوسٹا نے کہا کہ بھارت - یوروپی یونین آزاد تجارتی معاہدہ دنیا کو ایک اہم سیاسی پیغام دے گا کہ بھارت اور یوروپی یونین محصولات کے بجائے تجارتی معاہدوں پر زیادہ یقین رکھتے ہیں۔

India Energy Week°

انڈیا اِنرجی ویک IEW-2026 آج جنوبی گوا میں شروع ہوگا۔ وزیراعظم نریندر مودی ورچوئل وسیلے سے اِس کانکلیو کا افتتاح کریں گے۔ افتتاح کے بعد جناب مودی مندوبین سے خطاب بھی کریں گے۔ جنوبی گوا ضلع کے Betul گاؤں میں منعقدہ افتتاحی تقریب میں پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری، متحدہ عرب امارات کے صنعت اور جدید ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر سلطان احمد الجابر، کناڈا کے توانائی اور قدرتی وسائل کے وزیر Tim Hodgson کے علاوہ افریقہ، مشرقِ وسطی، وسطی ایشیا اور عالمی خطۂ جنوب کے کئی سینئر وزراء شرکت کریں گے۔x

Goa-IEW

دنیا میں توانائی کے تیسرے سب سے بڑے صارف کے طور پر بھارت عالمی توانائی منتقلی کا مرکزی کردار ادا کررہا ہے۔ آج سے 30 تاریخ تک گوا میں 'انڈیا اِنرجی ویک' کے چوتھے ایڈیشن کا انعقاد کیا جارہا ہے، جو ONGC بیتول، گوا میں منعقد ہوگا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V-C Mahesh

وزارت پیٹرولیم وقدرتی گیس کی سرپرستی میں منعقد ہونے والا یہ ممتاز پروگرام دنیا بھر سے 75 ہزار سے زائد ماہرین اور 120 ممالک کے 550 مقررین کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرے گا۔ عالمی رہنما، جن میں ہردیپ سنگھ پوری اور متحدہ عرب امارات کے ڈاکٹر سلطان احمد الجابر شامل ہیں، توانائی کے تحفظ اور کاربن کے اخراج میں کمی کے درمیان توازن پر غور وفکر کی قیادت کریں گے۔ تقریب میں 700 نمائش کنندہ کمپنیاں اور موضوعاتی زونز شامل ہیں، جہاں گرین ہائیڈروجن سے لے کر حیاتیاتی ایندھن تک جدید اختراعات پیش کی جائیں گی۔ مقامی گوا کی تہذیبی روایت کو اعلیٰ سطحی سفارتکاری کے ساتھ ہم آہنگ کرتے ہوئے انڈیا اِنرجی ویک-2026 ایک پائیدار اور منصفانہ توانائی کے مستقبل کیلئے ضروری شراکت داریوں کی بنیاد رکھنے کا ہدف رکھتا ہے۔

پنجی، گوا سے مہیش چوپاڑے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں-

All Party Meeting

پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رِجیجو کل سے شروع ہونے والے بجٹ اجلاس سے قبل اہم قومی معاملات اور قانون سازی کے امور پر تبادلۂ خیال کرنے کیلئے آج ایک کُل پارٹی میٹنگ طلب کی ہے۔ یہ میٹنگ کمیٹی روم میں منعقد ہوگی، جس کا مقصد قانون سازی کے کام کاج کو ہموار کرنا اور اُن اہم قومی مسائل کا نظم و نسق کرنا ہے جو اجلاس کے دوران زیر بحث آنے کا امکان ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Drishti Punyani

بجٹ اجلاس کل سے شروع ہوگا اور یہ 2 اپریل تک جاری رہے گا۔ بجٹ اجلاس لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے ارکان سے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب کے ساتھ شروع ہوگا۔

سال 2026-27 کیلئے مرکزی بجٹ اتوار کے روز یکم فروری کو لوک سبھا میں پیش کیا جائے گا۔ بجٹ اجلاس کے دوران کُل 13 نشستیں ہوں گی۔ بجٹ اجلاس دو مرحلے میں منعقد ہوگا۔ پہلا مرحلہ 28 جنوری سے 13 فروری تک ہوگا جبکہ دوسرا مرحلہ 9 مارچ سے 2 اپریل تک ہوگا۔

نئی دلی سے Drishti Punyani کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .......

Uttarakhand-Civil-Code

اتراکھنڈ میں یکساں سول کوڈ کے نفاذ کو آج ایک سال مکمل ہوگیا۔ مساوات، تحفظ اور شفافیت کی جانب ایک تاریخی قدم کے طور پر نافذ کئے گئے یکساں سِول کوڈ نے ریاست کے سماجی اور قانونی ڈھانچے کو ایک نئی سمت دی ہے۔ یہ قانون 27 جنوری 2025 کو نافذ کیا گیا تھا۔ شادی، طلاق اور لیواِن رِلیشن شپ سے متعلق طریقہ کار کو سادہ اور ڈیجیٹل بناکر اس قانون نے عام شہریوں کیلئے نظام کو کہیں زیادہ قابل رسائی بنادیا ہے۔ یکساں سول کوڈ کے نفاذ کے ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر آج ریاست بھر میں ''یونیفارم سِول کوڈ ڈے'' منایا جارہا ہے۔

ادھر ریاستی حکومت نے ضروری اصلاحات کے پیش نظر یونیفارم سول کوڈ (ترمیمی) آرڈیننس-2026 بھی نافذ کردیا ہے، جسے گورنر کی منظوری کے فوراً بعد نافذ العمل بنادیا گیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V-C Sakshi

اتراکھنڈ حکومت نے یکساں سول کوڈ میں طریقہ کار، انتظامی اور تعزیری اصلاحات لانے کے مقصد سے یونیوفارم سول کوڈ (ترمیمی) آرڈینس-2026 نافذ کیا ہے۔ ان ترامیم کے ذریعہ قانون کی دفاعات کو مزید واضح اور عملی بنایا گیا ہے تا کہ اس پر مؤثر اور شفاف عمل درآمد کو یقینی بنایا جاسکے۔ ان ترامیم کے تحت فوجداری طریقہ کار اور تعزیری دفعات

کو نئے بھارتی قانونی ضابطوں سے ہم آہنگ کیا گیا ہے، جبکہ رجسٹریشن سے متعلق اختیارات اور اپیلیٹ نظام کو بھی مزید مضبوط بنایا گیا ہے۔ یکساں سول کوڈ کے ایک سالہ نفاذ کے دوران اس کا سب سے نمایاں اثر شادی کے رجسٹریشن کے عمل میں دیکھنے کو ملا ہے۔ آن لائن نظام کے تحت اب شوہر اور بیوی کہیں سے بھی اپنی شادی کا رجسٹریشن کراسکتے ہیں۔ گزشتہ ایک سال کے دوران پانچ لاکھ سے زائد شادیوں کا رجسٹریشن مکمل کیا جاچکا ہے۔

اس سے قبل یہ پورا عمل آف لائن تھا اور سب رجسٹرار کے دفتر میں فریقین کی موجودگی لازمی ہوتی تھی۔ نئے نظام کے تحت اب اوسطاً پانچ دن کے اندر شادی کا رجسٹریشن سرٹیفکٹ جاری کیا جارہا ہے۔ دریں اثناء یکساں سول کوڈ کے نفاذ کے ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر آج ریاست کے تمام اضلاع میں شہری اور دیہی دونوں سطحوں پر 'یونیفارم سول کوڈ ڈے' کے تحت بیداری پروگراموں اور عوامی رابطہ سرگرمیوں کا انعقاد کیا جارہا ہے۔

دہرادون سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

<u>Nitin Nabin West Bengal</u>

BJP کے قومی صدر نتن نبین آج سے مغربی بنگال کے دو روزہ دورہ پر ہوں گے۔ وہ ریاست میں اسمبلی انتخابات سے قبل زمینی سطح پر پارٹی کے ڈھانچے کو مستحکم کرنے کی غرض سے کئی تنظیمی میٹنگوں میں شرکت کریں گے۔ جناب نبین آج درگاپور میں ریاستی کور ٹیم کی میٹنگ کی صدارت کریں گے جس میں تنظیمی حکمت عملی، سیاسی روڈمیپ اور آئندہ کے پروگراموں پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ BJP صدر کل مشرقی Bardhaman کے Chitralaya میلہ میدان میں منعقدہ ہونے والے Bardhaman Bibhag Karyakarta سمیلن میں شرکت کریں گے، جہاں وہ پارٹی کارکنوں سے براہِ راست بات چیت کریں گے۔ اِس کے بعد جناب نبین سہ پہر رانی گنج میں منعقد ہونے والے آسنسول ضلع Karyakarta میٹنگ میں شرکت کریں گے، جہاں وہ ضلع سطح پر تنظیمی امور پر بات کریں گے اور پارٹی کارکنوں کی رہنمائی کریں گے۔x

<u>BREAK</u>

<u>یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔</u>

GONG

<u>Pragati Special Story</u>

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ کیلئے وزیر اعظم کے اہم پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ 2015 میں وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اِسے شروع کیے جانے کے بعد سے PRAGATI نے بروقت قریبی نظر رکھ کر، اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر عمل درآمد کر کے اور وزیر اعظم کی طرف سے براہِ راست جائزے کے تحت عوامی شکایات کو دور کرنے کا اہل بنا کر حکمرانی

کو یکسر تبدیل کیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امداد، باہمی پر مبنی وفاقیت کی نظیر پیش کرتا ہے اور ایک سنگل ڈیجیٹل انٹرفیس پر مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو یکجا کرتا ہے۔

پچھلی ایک دہائی میں PRAGATI نے تیز فیصلے کرنے اور مسائل کو حل کرنے میں مدد دی ہے، جو اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں تاخیر کا سبب بنتے ہیں اور جوابدہی کے ایک مضبوط کلچر کو فروغ دیتا ہے۔ آج اس خصوصی سیریز میں ہم اوڈیشہ میں ہریداس پور - پارا دیپ نئی ریل لائن پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Saklen

ہری داس پور–پارا دیپ نئی ریلوے لائن، جو اڈیشہ میں 82 کلومیٹر پر محیط ہے، مشرقی بھارت کے معدنیات سے مالامال اندرونی علاقوں کو پارا دیپ بندرگاہ سے جوڑنے کیلئے ایک براہِ راست اور اعلیٰ صلاحیت کا ریل رابطہ قائم کرنے کے مقصد سے تصور کی گئی تھی۔ اس پروجیکٹ کو وزارتِ ریلوے نے اسپانسر کیا اور جنوری 1997 میں اِسے منظوری دی گئی۔

واضح اسٹریٹجک اہمیت اور تکنیکی تیاری کے باوجود، پروجیکٹ کے نفاذ کو زمین کے حصول میں تاخیر، مالی مسائل، اور لائسنس و منظوریوں میں تاخیر جیسے چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا۔ ان مسائل میں جنگلاتی اور ماحولیاتی منظوریوں کی پیچیدگیاں بھی شامل تھیں، جس کے باعث سول ورکس اور ٹریک کی تعمیر کا کام سست رفتاری کے ساتھ آگے بڑھا اور پروجیکٹ کی تکمیل کے مقررہ وقت اور لاگت کی مؤثریت کو خطرہ لاحق ہو گیا۔

اگست 2018 میں جب اس پروجیکٹ کو پرگتی جائزہ میکانزم کے تحت پیش کیا گیا تو اس سلسلے میں فیصلہ کن تبدیلی دیکھنے میں آئی۔ بندرگاہ سے متعلق لاجسٹکس اور مال برداری کیلئے اِس پروجیکٹ کی قومی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے، وزیراعظم نریندر مودی نے حکومتِ اڈیشہ، وزارتِ ریلوے اور ضلعی انتظامیہ کو واضح اور وقت سے منسلک ہدایات جاری کیں تاکہ زمین کے حصول اور قانونی منظوریوں کے زیرِ التوا مسائل کو مشن کے انداز میں حل کیا جائے۔

پرگتی جائزے کے بعد، انتظامی اقدام، منظّم معاوضہ نظام اور متاثرہ زمین مالکان سے براہِ راست رابطے کے ذریعے زمین کے حصول کے عمل کو تیز کیا گیا۔ اگرچہ اس پروجیکٹ کو 1996 میں ہی منظوری مل چکی تھی لیکن یہ دہائیوں تک تعطل کا شکار رہا۔ تاہم، پرگتی میکانزم کے تحت جائزے کے بعد اس نے کافی رفتار حاصل کی اور بالآخر 2020 میں شروع کر دیا گیا۔

عوام کیلئے اس پروجیکٹ کا وسیع تر وعدہ اس وقت حقیقت میں بدل گیا جب مارچ 2024 میں پہلی مسافر ٹرین کو باضابطہ طور پر روانہ کیا گیا۔ اس طرح یہ راہداری نہ صرف ایک اہم مال برداری کا راستہ بنی بلکہ متوازن علاقائی ترقی کیلئے ایک محرک کے طور پر بھی ابھری، جس کا طویل عرصے سے انتظار تھا۔

نئی دلی سے ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ..........

Bharat Parv

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا اور ثقافت وسیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے کل نئی دلی کے لال قلعہ میں چھ روزہ قومی ثقافتی و سیاحتی فیسٹول بھارت پرو 2026 کا افتتاح کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب اوم برلا نے کہا کہ یہ فیسٹول بھارت کے ثقافتی ورثے کو مضبوط بنانے کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس فیسٹول کے ذریعے عوام کو ملک کی مختلف ریاستوں اور علاقوں کی ثقافت کو قریب سے دیکھنے کا موقع فراہم ہوگا۔ جناب اوم برلا نے مزید کہا کہ یہ پہل ملک کی سیاحت کی صلاحیت میں اضافہ کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔

S/B Om Birla

لوک سبھا اسپیکر نے کہا کہ بھارت پرو آئینی اقدار اور عوام کے درمیان ایک وسیلے کے طور پر کام کرے گا اور روایت و مشترکہ تجربات کے ذریعے آئینی اقدار کو عوام کے لیے قابلِ رسائی بنائے گا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ یہ فیسٹول آتم نربھر بھارت کے نظریے کو بھی تقویت دے گا، کیونکہ اس کے ذریعے دستکاری، ہینڈلوم اور روایتی پکوانوں کے شعبوں میں روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔

اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے سیاحت اور ثقافت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے کہا کہ اس فیسٹول کے ذریعے یہاں آنے والے افراد کو ملک کی روایات، لوک فنون، دستکاریوں، کھانوں اور سیاحتی مقامات کو گہرائی سے سمجھنے کا موقع ملے گا۔ اس طرح قومی ورثے کے ساتھ لوگوں کا رابطہ مستحکم ہوگا۔

S/B Shikaw

اِس فیسٹول میں 34 ریاستی سیاحتی پویلین اور 24 مرکزی وزارتوں کے اسٹالس ہوں گے، نیز اِس میں ملک بھر کے سرکردہ ادارے اور تنظیمیں بھی شرکت کریں گی۔x

Traffic Advisory

وِجے چوک پر Beating Retreat تقریب کی فُل ڈریس ریہرسل کے مدنظر آج نئی دلّی کے کچھ حصوں میں ٹریفک بندشیں عائد رہیں گی۔ یہ بندشیں شام 4 بجے سے 6 بجے تک عائد رہیں گی۔ کرشی بھون گول چکر سے وِجے چوک کی طرف جانے والے وجے چوک اور رائے سینا روڈ عام ٹریفک کیلئے بند رہیں گے یا بندشیں عائد رہیں گی۔ دارا سنگھ روڈ گول چکر، کرشنا مینن مارگ گول چکر اور سنہری مسجد گول چکر سے وجے چوک جانے والی سڑکوں پر بھی بندشیں رہیں گی۔ وجے چوک اور رفیع مارگ کے درمیان کرتویہ پتھ، کرتویہ پتھ کراسنگ تک ٹریفک متاثر رہے گا۔ لوگوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ متبادل راستوں کا استعمال کریں، جن میں کمال اتاترک مارگ، رانی جھانسی روڈ اور منٹو روڈ کے راستے رنگ روڈ، رِج روڈ، اربندو مارگ، صفدر جنگ روڈ شامل ہیں۔x

U 19 World Cup 2026

کرکٹ میں، زمبابوے کے Bulawayo میں 19 سال سے کم عمر کے ورلڈ کپ کے سُپر سکس مرحلے میں آج بھارت کا مقابلہ زمبابوے سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ایک بجے شروع ہوگا۔

گروپ مرحلے میں زمبابوے کی ٹیم کو دو میچوں میں ہار کا سامنا کرنا پڑا تھا جبکہ ایک میچ میں کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا تھا۔ دوسری طرف بھارتی ٹیم، ٹورنامنٹ میں ابھی تک کوئی میچ نہیں ہاری ہے۔ بھارت نے گروپ مرحلے کے میچز میں امریکہ، بنگلہ دیش اور نیو زیلینڈ کو شکست دی۔x

Cricket WPL

خواتین پریمئرلیگ WPL کرکٹ میں کل رات وددوہ کے BCA اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں ممبئی انڈینس نے رائل چیلنجرس بینگلورو کو 15 رن سے شکست دے دی۔ جاری سیزن میں یہ ممبئی انڈینس کی تیسری فتح ہے، جس کے بعد اب بھی ان کیلئے پلے آف میں پہنچنے کے امکانات برقرار ہیں۔ دوسری جانب، رائل چیلنجرس بینگلورو کو مسلسل دوسرے میچ میں شکست کا سامنا کرنا پڑا اور فائنل تک رسائی کیلئے ان کا انتظار مزید بڑھ گیا ہے۔ ممبئی انڈینس کی جانب سے دیئے گئے 200 رن کے ہدف کے تعاقب میں رائل چیلنجرس بینگلورو مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ کے نقصان پر 184 رن ہی بنا سکی۔اس سے قبل رائل چیلنجرس بینگلورو نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔

آج خواتین پریمئر لیگ کے ایک اور میچ میں دہلی کیپٹلز کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے BCA اسٹیڈیم، وددورا میں شام ساڑھے سات بجے ہوگا۔x

IMD HP Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے آئندہ کچھ دنوں کے دوران ہماچل پردیش کے بیشتر حصوں میں ہلکی سے اوسط بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے آج خاص طور سے درمیانے اور بالائی پہاڑی علاقوں میں کہیں کہیں شدید بارش اور برفباری کا امکان ظاہر کیا ہے۔

شملہ میں واقع موسمیاتی مرکز کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران چند مقامات پر بہت ہلکی برفباری ریکارڈ کی گئی، جبکہ کم سے کم درجہ حرارت زیادہ تر معمول کے مطابق یا معمول کے قریب رہا۔ IMD نے آج ریاست کے بیشتر حصوں میں بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی گئی ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......شاہد حبیب

شکریہ -محمد عمار

یوم جمہوریہ کی تعطیل کے سبب راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات شائع نہیں ہوئے ہیں۔

انگریزی کے جو اخبارات شائع ہوئے ہیں ان تمام میں کرتویہ پتھ پر منعقد ہونے والی شاندار یوم جمہوریہ پریڈ کی رنگا رنگ تصاویر نمایاں طور پر شائع ہوئی ہیں۔

دی انڈین ایکسپریس کی سرخی ہے: 77 ویں یوم جمہوریہ کی تقریب میں یوروپی یونین مرکز نگاہ، جبکہ دی ٹائمز آف انڈیا کی سرخی ہے: یوم جمہوریہ پریڈ میں یوروپی یونین کی جھلک، ای یوفوریا۔ وہیں دی ہندو لکھتا ہے کہ بھارت اور یوروپی یونین آزاد تجارتی معاہدے کے قریب، مذاکرات اختتامی مرحلے میں۔

یوم جمہوریہ کی خبروں سے ہٹ کر ہندوستان ٹائمز نے صفحہ اول پر سرخی لگائی ہے کہ فضائی کمپنیاں حفاظتی ضوابط میں نرمی کیلئے نئی کوششوں میں مصروف۔ اسی طرح ٹائمز آف انڈیا میں ایک اہم خبر شائع ہوئی ہے کہ شوہر نہیں، شریک حیات- ضلعی عدالتوں کو صنفی غیر جانبدار اصطلاحات استعمال کرنے کی ہدایت۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزادانہ تجارت سے متعلق مجوزہ معاہدے کیلئے مذاکرات ختم ہوگئے ہیں۔ بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان سیکیورٹی اور دفاع کے شعبوں میں شراکت داری کے سمجھوتے پر آج نئی دلی میں دستخط کیے جائیں گے۔

2- وزیراعظم نریندر مودی آج ورچوئل وسیلے سے جنوبی گوا میں انڈیا اِنرجی ویک 2026 کا افتتاح کریں گے۔

3- حکومت نے کل سے شروع ہونے والے بجٹ اجلاس سے قبل آج ایک کُل پارٹی میٹنگ طلب کی ہے۔

4- اتراکھنڈ حکومت نے یکساں سول کوڈ کے متعدد شقوں میں اصلاحات کرنے کیلئے ترمیمی آرڈیننس کو نافذ کردیا ہے۔

5- دلی کے لال قلعے میں چھ روزہ قومی ثقافتی اور سیاحتی فیسٹول بھارت پرو 2026 شروع ہو گیاہے۔

6- اور کرکٹ میں: زمبابوے کے Bulawayo میں 19 سال سے کم عمر کے ورلڈ کپ کے سپر سکس مرحلے میں آج دوپہر بھارت کا مقابلہ زمبابوے سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---